5

روزنامہ راشٹریہ سہارا

کانپور، 15 جون 2024، ہفتہ

WESTERN UTTAR PRADESH
www.roznamasahara.com
Kanpur, Saturday 15, June 2024

مغربی اتر پردیش

حکومت کی طے شدہ ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا: میئر

میونسپل کمشنر نے عیدالاضحی کے مدنظر کارپوریشن کے انتظامات کا جائزہ لیا

محمد احمد شیون

علی گڑھ (ایس این بی)

ملک بھر میں دو روز بعد عیدالاضحی کا تہوار نہایت ہی جوش وخروش کے ساتھ منایا جائے گا، ایسے میں آج مذکور تہوار کے پیش نظر میونسپل کمشنر امت اہیری نے علی گڑھ کے مذہبی رہنماؤں اور مسلم کمیونٹی کے لوگوں کے ساتھ میونسپل کارپوریشن کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ میونسپل کمشنر نے عیدالاضحی پر میونسپل کارپوریشن کے انتظامات کو بہتر اور روایتی انداز میں کرنے کا وعدہ کیا۔ اسی اجلاس میں ماتحوں کو ذمہ داریاں بھی سونپی گئیں کہ وہ تمام روایتی انتظامات کو احسن طریقے سے انجام دیں۔ جمعۃ اپنے کیمپ آفس میں میونسپل کمشنر امت اہیری نے مغربی عالم دین پروفیسر مفتی زاہد علی خاں، معروف سماجی کارکن گلزار احمد نظامی، رسول قاضی ایاز اور دیگر

بتزمید کے موقع پر میونسپل کارپوریشن کے انتظامات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا اور انتظامات کرنے کے لیے اپنے ماتحتوں کی ذمہ داریوں کا تعین کیا۔ مسلم دانشوروں نے میونسپل کارپوریشن کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور میونسپل کمشنر سے پینے کے پانی کی اضافی فراہمی اور آوائش کو پھیلنے کے لیے مناسب گاڑیاں اور ٹریکٹر ٹرالیوں کو تعینات کرنے کی درخواست کی۔ عیدالاضحی کے انتظامات کے بارے میں میئر امت اہیری نے پریس کانفرنس کی ہے کہ وزیر اعلیٰ کی منشاء اور حکومت کے مقررہ ہدایات کے مطابق میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہری علاقوں میں عید الاضحیٰ کے موقع پر روایتی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کی طے شدہ ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔ میونسپل کمشنر امت اہیری نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کے تمام عہدیداران کو عیدالاضحیٰ کے موقع پر روایتی انتظامات کے لیے اسٹینڈ بائی پر رکھا گیا ہے، میونسپل کارپوریشن کی کوشش ہے کہ شاہ جمال عیدگاہ سمیت شہر کے تمام مذہبی مقامات پر 16 جون تک انتظامات کیے جائیں گے۔ میونسپل کمشنر نے کہا کہ اس بار عید الاضحیٰ کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام کونسلر وارڈز میں لائٹ پولز کشن کو روشن کرنے کا حکم صادر کیا گیا ہے تاکہ عید الاضحیٰ پر پینے کے پانی کی باقاعدہ فراہمی کے علاوہ 2 ہفتے تک اضافی پینے کے پانی کی فراہمی کی جائے گی۔ میونسپل کمشنر نے بتایا کہ قربانی کے فضلے کو ٹھکانے کے لیے دو مقامات چلکوہ اور سلاٹر ہاؤس پر بڑے گڑھے کھودے گئے ہیں، ساتھ ہی قربانی کے فضلے کو ٹھانے کے لیے 48 ڈسٹ بن، 20 ٹریکٹر ٹرالیاں، 15 موبائل ٹریکٹر، 25 موبائل ٹیوب فراہم کیے گئے ہیں۔ 48 مقامات پر پینے کے پانی کے 15 ٹینکر بھرے رکھے گئے ہیں اور وہ مسلسل تین دن تک علاقے میں گھومتے رہیں گے۔

غیر قانونی ہتھیاروں کی اسمگلنگ کرنے والے 2 افراد گرفتار

زبیر شاد

بلند شہر (ایس این بی)

ضلع میں جرائم کی روک تھام کے لیے چلائی جا رہی مہم کے تحت آج جمعہ کو سوا ٹے نہم دیہات اور تھانہ چھتاری پولیس نے ایک اطلاع کی بنیاد پر مشتر کہ کارروائی کرتے ہوئے بہلول پور بس اسٹینڈ کے پاس سے دو ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحے اور کارتوس وغیرہ برآمد ہوئے ہیں۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کو جیل بھیج دیا ہے۔

ڈہائی ایریا کے ایس او رام کرن نے بتایا کہ تھانہ چھتاری پولیس اور سوا ٹے نہم دیہات نے ایک اطلاع کی بنیاد پر بہلول پور بس اسٹینڈ کے پاس سے غیر قانونی اسلحوں کی اسمگلنگ کرنے والے دو شاطر افراد کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں اسلحے اور کارتوس برآمد کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ پکڑے گئے ملزمان میں مبین ولد محبوب ساکن گاؤں بھدرو تھانہ روہنا ضلع بجنور، یعقوب ولد نورو ساکن کرنا ول تھانہ سرور پور ضلع میرٹھ (مقیم حال کنڑولی تھانہ کنٹر کیرانہ میرٹھ) ہیں۔ دونوں شاطر قسم کے اسلحہ اسمگلر ہیں ان کے قبضے سے 5 پستول 32 بور، 25 زندہ کارتوس 32 بور، 4 پستول کی خالی میگزین، ایک تمنچہ 315 بور، 258 زندہ کارتوس 315 بور، 5 کارتوس 12 بور و غیرہ برآمد ہوئے ہیں۔

پولیس پوچھ گچھ میں ملزمان نے بتایا کہ وہ کم قیمت میں غیر قانونی اسلحے خرید تے ہیں اور اضافی قیمت میں بلند شہر، مظفر نگر، باغپت، شاملی، علی گڑھ، ہاپوڑ، میرٹھ سمیت دیگر اضلاع میں فروخت کرتے ہیں۔ ملزم مبین میرٹھ کے تھانہ سرور پور سے مقفل کے معاملے میں تقریباً 12 سال جیل میں رہ چکا ہے، اس مقدمے میں اسے عمر قید کی سزا ہوئی ہے۔ جیل میں رہتے ہوئے اس کی ملاقات جرائم پیشہ افراد سے ہوگئی تھی۔ جیل سے باہر آنے کے بعد اس نے جرائم پیشہ افراد کے ساتھ تھول کر غیر قانونی ہتھیاروں کی اسمگلنگ شروع کردی۔ دوسرا ملزم یعقوب گیس چولہے ٹھیک کرنے کی آڑ میں آن لائن پلیٹ فارم سے فروخت کرتا ہے۔ چھتاری تھانہ انچارج بھوپیندر سنگھ نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف سنگین دفعات میں مقدمہ درج کرکے انھیں جیل بھیجا جارہا ہے۔

فضائی آلودگی کی خلاف ورزی کرنے والوں پر کارروائی کریں

ڈی ایم کی صدارت میں کلکٹریٹ میں پلانٹیشن اور ماحولیاتی کمیٹی کی میٹنگ

بجنور (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ اکشت کمار اگروال کی صدارت میں آج سہ پہر کلکٹریٹ آڈیٹوریم میں ضلع گنگا کمیٹی، ضلع پلانٹیشن کمیٹی اور ضلع ماحولیاتی کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ضلع مجسٹریٹ کو بتایا گیا کہ بیراج گھاٹ پر واقع بیت الخلا کی صفائی کا کام کیا گیا ہے اور بیراج گھاٹ پر واقع گڈے کی مرمت اور اس میں جال لگانے کا کام ان کی ہدایت پر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے ضلع پنچایت راج افسر کو ہدایت دی کہ وہ بیراج گھاٹ پر پانی جمع ہونے کے مسئلہ کو مستقل کرنے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ مشن بیوار دھ منصوبہ پلانٹک کے استعمال کو روکنے کے لیے مسلسل چھاپے مارنے کو یقینی بنائیں اور سنگل پورمنوعہ پلاسٹک کی تیاری اور تقسیم کرنے والے پوائنٹ کے خلاف سخت کارروائی کریں۔ انہوں نے فضائی آلودگی کے معیارات پر عمل نہ کرنے والوں پر سخت کارروائی کرنے اور جرمانے عائد کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے گنگا کے کنارے واقع دیہاتوں کو مکمل طور پر آلودگی سے پاک بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سرکاری اور نجی اسپتالوں اور ویٹرنری اسپتالوں سے بائیو میڈیکل ویسٹ کو 100 فیصد جمع کرنے اور اسے مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

نفسانی خواہشات کو بھی قربان کرنے کا نام ہے قربانی

قربانی کی آلائش کو محفوظ مقامات پر دفن کریں: شہر امام

نورپور (ایس این بی) شہر امام نورپور مولانا محمد علی خادمی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر گاؤں کی قربانی کے تعلق سے مسلم عوام خاص کر نورپور کی مسلم سماج سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ایام قربانی کے موقع پر جن جانوروں کی قربانی کی جاتی ہے ان کی باقیات کو میونسپل کارپوریشن ملازمین کی مدد سے محفوظ مقامات پر دفن کر دیں اور برادران وطن اور سوچ بھارت ایجنسیاں مشن کا پورا خیال رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ معصوم جانوروں کی قربانی سے پرہیز کریں۔

یونائیٹڈ اورسی محاذ کے ریاستی صدر اور نور پور مغربی اتر پردیش یوپ پارمنڈل کے نوجوان انچارج تسلیم احمد انصاری نے مسلم کمیونٹی کے لوگوں سے کہا کہ مسلمانوں کا یہ تہوار عید الاضحیٰ بہت اہم ہے۔ اس موقع پر مالی حالت پوری ہونے پر مسلمان حج کے لیے مکہ مکرمہ کا سفر کرتے ہیں جو حج ادا کرتے ہیں اور حج کے بعد ہم اپنی زندگی میں اسلام کے ان اصولوں پر عمل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں کہ ہم کبھی جھوٹ نہیں بولیں گے، گم نہیں تولیں گے، کسی کو دھوکہ نہیں دیں گے، کسی کو اذیت نہیں دیں گے اور گناہ نہیں کریں گے۔ اور ایسی نے اس موقع پر کہا کہ عام مسلمان عید گاہ یا مسجد میں اپنے اپنے مقامات پر جمع ہو کر عید الاضحیٰ کی نماز ادا کرتے ہیں اور قربانی کرتے ہیں۔ حج اور قربانی حضرت ابراہیم، حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ علیہ السلام کی یاد کو تازہ کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ انہوں نے امت مسلمہ کے لوگوں کو قربانی کے حوالے سے تلقین کرتے ہوئے کہا کہ یہ قربانی صرف جانور ذبح کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ اللہ کے سامنے نفسانی خواہشات کو بھی قربان کرنے کا نام قربانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن وسکون کا قیام بھی ہمارا سب سے بڑا مقصد ہونا چاہیے۔ اس لیے ہمیں کبھی بھی ایسی حرکتیں نہیں کرنی چاہیے جس سے ہمارے معاشرے کی دوسری برادریوں کے لوگوں کو کسی قسم کی پریشانی آ ہو۔ مولانا عبدالقادر نورپوری نے کہا کہ قربانی کے جانوروں کی تصاویر سوشل میڈیا پر بالکل پوسٹ نہ کریں۔ ہر گھر صفائی کا زیادہ خیال رکھیں اور قربانی کی باقیات کو ادھر ادھر نہ پھینکیں۔ تمام باقیات کو آبادی سے دور جگہ پر دفن کریں۔ اگر ہم ان تمام باتوں کو ذہن میں رکھیں گے تو قربانی کا صحیح مقصد حاصل ہوگا۔ انہوں نے تمام لوگوں سے عید الاضحیٰ کی نماز کے بعد ملک میں امن، خوشحالی اور بھائی چارے کے لیے اللہ سے دعا کرنے کی بھی اپیل کی۔

عید گاہ کمیٹی کے صدر محمود انصاری، نائب صدر ماسٹر الیاس کمرانی نے کہا کہ سرکاری گائیڈ لائن کے مطابق ہی عید کی نماز عید گاہ اور مساجد کی چہار دیواری کے اندر ہی ادا کریں روڈ پر نماز پڑھنے سے پرہیز ضرور کریں اور ہر حال میں پولیس انتظامیہ اور حکومت کا تعاون کریں۔

عمارت کی چوتھی منزل میں لگی آگ، 80 ہزار روپے کا نقصان

چاند پور (ایس این بی) چاند پور میں دوپہر کے وقت اچلاکھ منڈی کوتلہ مارکیٹ کے قریب بالائی منزل پر واقع ایک دکان کی چوتھی منزل پر آگ لگ گئی۔ مقامی لوگوں کی مدد سے آگ پر قابو پا لیا گیا ہے۔ واقعہ کا پورا وقت پتہ چل گیا، ورنہ کوئی بڑا حادثہ پیش آ سکتا تھا۔ آگ لگنے سے مالک کا تقریباً 80 ہزار روپے کا نقصان ہوا ہے۔ اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کی۔

دراصل یہ واقعہ جمعہ کو ضلع کے چاند پور علاقہ میں پیش آیا، جہاں منڈی کوتلہ سے ڈھالی بازار کی طرف جانے والی مارکیٹ میں کرنڈی لال بھایہ کی بلڈنگ میں کمار بردرز نام کی ایک فرم ہے۔ اس کی سب سے اوپر والی اور چوتھی منزل پر آج دوپہر شدید حالت میں آگ لگی دیکھی۔ اس معاملے میں چاند پور فائر اسٹیشن کی ٹیم نے سیلنگ کے ذریعہ آگ پر قابو پا لیا۔ بھری مارکیٹ کی چوتھی منزل پر آگ لگنے سے دکانداروں میں خوف وہراس پھیل گیا۔ مقامی لوگوں کی مدد سے آگ پر قابو پایا گیا، حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آگ لگنے سے مالک کا تقریباً 80 ہزار روپے کا نقصان ہوا ہے۔ خوش قسمتی ہے کہ لوگوں نے بروقت آگ کو پھیلنے سے پہلے بجھالیا اور جلد ہی اس پر قابو پا لیا ورنہ بازار میں کوئی بڑا حادثہ رونما ہو سکتا تھا۔ فائر انجن دور دور تک نظر نہیں آ رہے تھے اور فائر بریگیڈ کا کوئی اہل کار بھی نہیں تھا۔

بتایا جا رہا ہے کہ چار منزلہ عمارت میں فائر انجن دور دور تک نظر نہیں آ رہے تھے اور نہ ہی فائر بریگیڈ کا کوئی اہل کار وہاں موجود تھا۔ آگ بجھنے کی اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر فائر بریگیڈ کے عملے نے تحقیقات شروع کر دیں۔ اس معاملے میں چاند پور فائر اسٹیشن کے فائر اسٹاف خورشید احمد نے بتایا کہ ہمارے موقع پر پہنچنے سے پہلے ہی آگ پر قابو پا لیا گیا تھا۔ جب ہم نے جائے وقوعہ کی چھان بین کی تو پتہ چلا کہ مالک کے پاس فائر کی کوئی این او سی نہیں ہے۔

2615 بیگھہ زمین کو غیر قانونی قبضہ سے آزاد کرایا گیا

نگینہ (ایس این بی)

نائب ضلع مجسٹریٹ نگینہ اویش کمار نے غیر قانونی قبضہ میں چلی آ رہی 2615 بیگھہ زمین کو قبضہ سے آزاد کرانے کے بعد ریونیو ڈپارٹمنٹ کی سپردگی میں دے دیا ہے۔ سرکل ریٹ کے مطابق آزاد کرائی گئی زمین کی قیمت 74 کروڑ 68 لاکھ بتائی گئی ہے۔ ایس ڈی ایم نگینہ اویش کمار نے بتایا کہ اس متعلقہ پانی کورٹ کے فیصلہ کے بعد ضلع مجسٹریٹ کی جانب سے جانچ کمیٹی بنائی گئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ جانچ میں کمیٹی نے پایا کہ گاؤں تیلی پاڑا میں جو زمین پیش نامے میں 1359 فصلی میں کرام سبھا کی زمین کے طور پر درج تھی، جس کو جعلی دستاویز کی بنیاد پر بیچنے کی لوگوں کی پراپرٹی کی شکل میں اندراج کرا دیا گیا تھا۔ ضلع سطحی کمیٹی کی جانب اپنی رپورٹ چلہندی کشوری صدارت والی لیکھ پالکی کو بھیجی گئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ گگینہ کورٹ میں گرام تیلی پاڑا کے متعلق درج مقدمہ اتر پردیش بھو مادھار چند وغیرہ میں 12 جون 2024 کو صادر ہوئے فیصلہ میں گاٹا نمبر 16 و 24 کے کل رقبہ 219.67 بیسکیئر پیمنس نگلوری 5 بنگلہ جھماری میں درج کرد یا گیا۔ ضلع مجسٹریٹ اکشت کمار کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے تحصیل و پولیس عملہ کے ساتھ مذکورہ زمین پر پہنچ کر غیر قانونی قبضہ میں چلی آرہی 2615 بیگھہ زمین کو قبضہ سے آزاد کرایا گیا ہے۔ زمین کی سرکل ریٹ قیمت 74 کروڑ 68 لاکھ 78000 ہے۔

گیٹ 2024 میں اے ایم یو کے طلبا کی شاندار کارکردگی

فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی میں عزت افزائی تقریب منعقد

علی گڑھ (سید عتیق الرحیم/ایس این بی)

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی کے 24 طلبا، گریجویٹ اپٹی ٹیوڈ ٹسٹ ان انجینئرنگ (گیٹ) 2024 کے امتحان میں ممتاز ترین کامیابی حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ یہ کارکردگی گزشتہ سال کے مقابلے بہت شاندار ہے جب صرف 9 طلبا نے ٹاپ 1000 میں جگہ بنائی تھی۔ اس نمایاں ترین کامیابی پر طلبا کی عزت افزائی اور حوصلہ افزائی کے لئے فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی نے ایک تقریب کا اہتمام کیا، جس میں اے ایم یو رجسٹرار محمد عمران آئی پی ایس نے ڈین، فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی کے پرو فیسر سالم یگانہ کی خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے طلبا کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس سے نہ صرف کامیاب طلبا و طالبات کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے بلکہ دیگر طلبا و طالبات کو تحریک ملتی ہے، جو ان کے کریئر میں ایک اہم موڑ ثابت ہو سکتا ہے۔ مسابقتی امتحانات میں شرکت کے اپنے تجربات بیان کرتے ہوئے انہوں نے طلبا و طالبات کو قیمتی مشورے دیے۔

پروفیسر سالم یگانہ نے کہا کہ گیٹ امتحان ہمارے ملک میں انجینئرنگ کے پیشہ ور افراد کے لیے ایک سنگ میل ہے اور ان کے لیے آئی آئی ٹی، این آئی ٹی، ٹرپل آئی ٹی، آئی آئی ایم جیسے ممتاز اداروں میں پی جی کورسز میں داخلہ اور پبلک سیکٹر کی کمپنیوں میں ملازمتوں کے حصول کا بنیادی وسیلہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ کچھ شعبہ جات اور ان کے اساتذہ، گیٹ کے امیدواروں کی کوچنگ اور ہنمائی کے لئے باہر جا کر لیکچر دیتے ہیں۔ کچھ شعبہ جات نے کوائی امپرومنٹ پروگرام (کیو آئی پی) سینٹر قائم کیا ہے، جب کہ کئی شعبے ایسے مراکز شروع کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔

پروفیسر بیگ نے بتایا کہ الیکٹرانکس انجینئرنگ کے شعبہ کے 5 طلبا کی ٹیم نے ایک ایسا ڈیوائس تیار کیا ہے جو ایک ہی وقت میں 4 مریضوں کے ای سی جی کی نگرانی کر سکتا ہے۔ اس ڈیوائس کو ایک ایسے ڈیش بورڈ سے جوڑا گیا ہے جو ڈاکٹروں کو ہر مریض کی حالت کے بارے میں فوری طور پر مطلع کرتا ہے۔ اس ٹیم کے ارکان میں محمد ابوذر، محمد ابوبکر، محمد ابوذر، محمد ابوبکر اور محمد ابوذر شامل ہیں۔ ان کے پروفیسر مشیر الحسن نے رہنمائی کی۔

’عیدالاضحیٰ‘ پر انتظامیہ کی گائیڈ لائن پر عمل کریں

کانٹھ (ایس این بی) مولانا محمد یاسین ناظم اعلیٰ جامعہ عربیہ ریاض العلوم نے آج نماز جمعہ کے موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ عید الاضحیٰ کا مبارک تہوار ہمارے درمیان آ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کا اہتمام کریں، اس حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ صفائی نصف ایمان ہے، لہٰذا سنت ابراہیمی پر عمل کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ہم ذبیحہ کے باقیات محفوظ جگہوں پر دفن کریں، تاکہ ماحول میں آلودگی اور تعفن پیدا نہ ہو۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہمارے کسی عمل سے دوسرے کو تکلیف نہیں ہونی چاہیے، یہی اسلام سکھاتا ہے۔ لہٰذا مویشی جانور کی قربانی گزرنی جائے اور یہ کسی جگہ پر نہیں ڈالا جائے گا۔ یہ قانوناً جرم ہے، لہٰذا خود کو پریشانی میں مبتلا نہ کریں، خاص طور سے صفائی کا خاص خیال رکھیں، انتظامیہ کی جانب سے جن جگہوں کا تعین کیا گیا ہے، وہیں پر ذبیحہ کے باقیات کو دفن کریں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ذبح کرنے وقت اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ خون کسی بھی قیمت پر نالیوں میں نہ بہے اور انتظامیہ کی گائیڈ لائن پر عمل کریں۔

بہنوئی پر سالی کے ساتھ جنسی زیادتی کا الزام

ہاپوڑ (ایس این بی) سالی کو گھر چھوڑنے کے بہانے بہنوئی اپنے ہوٹل میں لے گیا اور اس کی آبروریزی کی۔ اس دوران ملزم نے ویڈیو بھی بنایا۔ مزاحمت کرنے پر بہنوئی نے سوشل میڈیا پر وائرل کر دیا۔ متاثرہ نے اس معاملہ میں تھانہ میں مقدمہ درج کرایا ہے۔ پولیس نے فوری اثر سے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس سے شکایت کرتے ہوئے لڑکی نے بتایا کہ وہ ایک بیوٹی پارلر میں کام کرتی ہے۔ کچھ روز قبل اس کی ماموزاد بہن کی شادی ضلع سرسہ علاقہ کے پرہت گھر کے باشندے امت کے ساتھ ہوئی تھی۔ وہ 7 جون کو بیوٹی پارلر سے گھر لوٹ رہی تھی تو بہنوئی راہل اور اس کے ساتھی نے اسے روک لیا۔ وہ زبردستی اسے اپنے ہوٹل میں لے گئے۔ بہنوئی امت نے باتوں باتوں میں اسے کولڈ ڈرنک میں نشہ آور چیز ملا کر پلا دی۔ اس کے بعد اس کی عصمت دری کی۔ اس دوران ملزم نے ویڈیو بھی بنا لی۔ اس کے بعد ملزم بہنوئی نے اس کی فحش ویڈیو بھی بنالیا۔ ملزم بہنوئی نے گزشتہ روز بھی ویڈیو وائرل کرنے کی دھمکی دی۔ اس کے بعد متاثرہ نے ویڈیو وائرل کرنے کے لئے دباؤ بنایا۔ ایسا نہ کرنے پر ملزم نے ویڈیو وائرل کر دی، جس کے بعد متاثرہ نے اپنی ماں خانہ کے ساتھ تھانہ پہنچی اور مقدمہ درج کرایا۔ پولیس نے فوری اثر سے کارروائی کرتے ہوئے دیر شب ملزم امت کو گرفتار کر لیا۔

ہر گھر پانی اسکیم کا کام وقت پر مکمل کرنا چاہیے: ڈی ایم

اصروحہ (ایس این بی)

آج کلکٹریٹ میں واقع کلاسی آڈیٹوریم میں ضلع مجسٹریٹ راجیش کمار تیاگی کی صدارت میں جل جیون مشن کے تحت ہر گھر پانی کی فراہمی کے لیے ضلع کے مواضعات میں کیے جارہے تعمیری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ضلع مجسٹریٹ نے جل جیون مشن میں کام کرنے والی ایجنسیوں سے پیوائت واپرشی رفت کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ کام وقت پر مکمل کیا جائے اور تصدیق کی رپورٹ پیش کی جائے جو تعمیر پارٹی کے ذریعہ کی جارہی ہے اور اس میں کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد ہر گھر جل پہونچانے تحت کام کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنا ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ ہر گرام پنچایت میں پانی کی ٹینک کی تعمیر اور ہر گھر جل پہونچانے کے لکشیوں سمیت دیگر کاموں کے لئے، دیئے گئے ہدف کو پورا کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کی تمام گرام پنچایتوں کو ہر گھر پہونچانے تحت فوائد ملنے چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ ایک گرام پنچایت کے تحت جو مرکب متعین ہوئی ہے اسے مہم چلا کر دوبارہ تعمیر کیا جائے اور تمام تعمیراتی ایجنسیوں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ جس زمین کا نشاندہ ہے متعلقہ حکام سے بات کر کے اس کا تصفیہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کام کا معیار بھی اچھا ہونا چاہیے۔ اتفاقی نہیں بلکہ منصوبہ کے وقت پر مکمل ہونا ہوگا اور افراد ی قوت میں اضافہ کرنا ہوگا۔ اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر امریندر پرتاپ، ایگزیکٹو انجینئر جل نگم، تعمیراتی ایجنسیوں کے انچارج اور دیگر متعلقہ افراد موجود تھے۔

سارتھی پورٹل اپ ڈیٹ کے بعد ڈرائیونگ لائسنس کا کام شروع

بلند شہر (ایس این بی) ڈرائیونگ لائسنس کے لیے ٹیسٹ دینے والے درخواست دہندگان کو اب ٹیسٹ پر پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ پچھلے کئی دنوں سے سارتھی پورٹل اپ ڈیٹ کی وجہ سے سست رفتاری سے کام کر رہا تھا۔ اب ٹیسٹ اور درخواست دینے میں کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔ ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لیے درخواست دہندگان کو محکمہ ٹرانسپورٹ کے سارتھی سافٹ ویئر پر درخواست دینی ہوتی ہے۔ اس کے بعد لرننگ اور مستقل ٹیسٹ پاس کرنے والے درخواست دہندگان کو ڈرائیونگ لائسنس دیا جاتا ہے۔ ٹیسٹ پاس کرنے والے درخواست دہندگان کے یہاں ٹرانسپورٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر سے بائیومیٹرک سسٹم سافٹ ویئر کا استعمال کرتے ہوئے اسمارٹ کارڈ پرنٹ کرکے ڈرائیونگ لائسنس درخواست دہندہ کے پتے پر بھیجا جاتا ہے۔ گزشتہ ایک ماہ سے سارتھی پورٹل کی سست رفتاری سے درخواست گزاروں کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ اب پورٹل کے اپ ڈیٹ ہونے کے بعد کام معمول کی رفتار سے شروع ہو گیا ہے۔ جن کو لائسنس یا کاری سے متعلق دیگر کام کروانے کی ضرورت ہے وہ درخواست دے سکتے ہیں۔ ڈویژنل ٹیکنیکل اسسٹنٹ ہارون سیفی نے بتایا کہ حال ہی میں پورٹل اپ ڈیٹ کی وجہ سے دو دن تک کام بند رہا۔ اب پورٹل مکمل طور پر اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے اور کام بھی شروع ہو گیا ہے۔

خستہ حال کمیونٹی بیت الخلا کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی

بدایوں (ایس این بی)

ضلع صفائی کمیٹی کی میٹنگ ضلع مجسٹریٹ منوج کمار کی زیر صدارت وکاس بھون آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی۔ اوڈی ایف پلس کے لیے منتخب ضلع کی 331 گرام پنچایتوں کے 574 گاؤں کا ایکشن پلان حکومت کو پیش کیا گیا۔ ضلع مجسٹریٹ نے ہدایت دی کہ دیہات کی ضرورت کے مطابق کاموں کو تمام دیہات کے ایکشن پلان میں شامل کیا جائے، تاکہ دیہات کو اوڈی ایف پلس بنایا جاسکے۔ کمیونٹی ٹوائلٹ میں کام کرنے والے کنٹریکٹر کے اعزازیہ کا جائزہ لیتے ہوئے سکریٹری ڈسٹرکٹ سینی ٹیشن کمیٹی کو ہدایت دی گئی کہ وہ ان گرام پنچایتوں کو الگ کرکے معلومات فراہم کریں، جن میں فنڈز دستیاب ہونے کے باوجود لوگوں کا اعزازیہ انہیں نہیں کیا گیا ہے اور جن گرام پنچایتوں میں کمیونٹی بیت الخلا بہت کم وقت میں خستہ حال ہو گئے ہیں وہاں ذمہ داری کا تعین کیا جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ ڈی ایم نے تمام سربراہان سے کہا کہ خون عطیہ کے عالمی دن کے موقع پر ہر گرام پنچایت سے کم از کم ایک شخص خون کا عطیہ دے اور 21 جون کو یوگا کے دے کے موقع پر گرام پنچایتوں کے عوامی مقامات جیسے امیر سرور پر یوگا کیا جائے۔ اس موقع پر پنچایت بھون اور اسکول میں ایک پروگرام منعقد کیا جائے اور درخت لگائے جائیں۔ کمیٹی نے تمام گاؤں کے سربراہوں اور سکریٹریوں کو ہدایت دی۔

زیورات کی چوری کا معمہ حل، 2 خواتین گرفتار

ہاپوڑ (ایس این بی) تھانہ سنبھاونی حلقہ میں موضع بکسر کی باشندہ راج بالا کی بیگ کاٹ کر سوا لاکھ روپے کے زیورات چوری کرنے کی واردات کا پردہ فاش کرتے ہوئے پولیس نے دو خواتین کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ان کے قبضہ سے چوری کے سوا لاکھ روپے کے زیورات برآمد کئے۔ معمولہ اطلاع کے مطابق 5 جون کو راج بالا نے آلو میں سوار ہو کر جاری راج بالا نے آلو میں سوار خاتون نے زیورات کی چوری کی واردات کو انجام دیا تھا۔ واردات کو انجام دینے کے بعد آلو میں سوار دونوں خواتین موقع سے فرار ہو گئی تھیں جس کے بعد چوری کی واردات ہوئی تھی اس کے بعد تھانہ سمعاوی میں ایف آئی آر درج کرائی گئی۔ پولیس نے فوری اثر سے کارروائی کرتے ہوئے صبح گڑھا ایکسپریس وے سڑک کے کنارے سے 2 خواتین چوروں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ان کے قبضہ سے سوا لاکھ روپے کی قیمت کے سونے و چاندی کے زیورات، 2150 روپے کی نقدی اور 2 تمنچہ برآمد کیے ہیں۔ گرفتار چور سن ایبلہ کشن پال اور پوم ایبلہ وہ سن ساکن موضع گونتھانہ ہاپوڑ کو دوران پوچھ تاچھ کی گئی۔ جس پر خواتین چوروں نے بتایا کہ آلو میں سوار سنیچل بلیڈ سے بیگ کاٹ کر چوری کی واردات کو انجام دیا گیا تھا۔

سڑک حادثہ میں معصوم بچہ کی موت

نجیب آباد (ایس این بی) ایک تیز رفتار گاڑی نے ایک معصوم بچہ کو اپنی زد میں لے لیا، جس سے معصوم کی موت ہوگئی۔ موت سے اہل خانہ میں کہرام مچ گیا۔ پولیس نے گاڑی ڈرائیور کو گرفتار کرلیا اور گاڑی کو اپنے قبضے میں لے لی ہے۔ موصول تفصیلات کے مطابق گاؤں عمری چاند پور کے ساکن بلال ولد رد ا(6) جو کہ سبو ہاڑہ کے مڈل اسکول میں اپنی نانی کے گھر آیا ہوا تھا اور آج دوپہر اپنے گھر والوں کے ساتھ اپنے ماموں میں شرکت کے واپس لوٹ رہا تھا کہ پولیس اسٹیشن چوراہے پر بچہ اپنی دادی کا ہاتھ چھوڑ کر سڑک پر آگیا تو دوسام پوری جانب سے آنے والے ایک تیز رفتار چھوٹے ہاتھی نے اسے اپنی زد میں لے لیا، جس سے بچہ بری طرح زخمی ہوگیا، جسے پرائیویٹ ڈاکٹر کے پاس لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹر نے اسے مردہ قرار دے دیا گیا، جس پر اس کے اہل خانہ میں کہرام مچ گیا۔ خبر لکھے جانے تک بچے کے والد کے آنے کے بعد شکایت درج کرانے کی بات کی جارہی تھی، جبکہ گاڑی اور ملزم ڈرائیور پولیس کی تحویل میں تھے۔